StudentBounty.com

Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No.________

Sig. of Candidate ________

Sig. of Invigilator.________

اُردو (لازمی) ۔ ایس ایس سی-II

(برائے اطفال محروم سماعت و گویائی)

وقت: 20 منٹ — حصّہ اوّل (کُل نمبر: 15)

نوٹ: حصہ اول لازمی ہے۔ اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔ اس کو پہلے بیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر1: دیے گئے الفاظ یعنی الف ر ب ر ج ر د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) قراردادِ پاکستان 23 مارچ 1940ء کو ________ میں منظور ہوئی۔

الف۔ اسلام آباد　ب۔ کراچی　ج۔ لاہور　د۔ دہلی

(ii) بچے اس طرح دھاڑیں مار مار کر روئے کہ میرا دل ________ گیا۔ (بحوالہ سبق -------- ایثار)

الف۔ لرز　ب۔ ہل　ج۔ کانپ　د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(iii) یورپ کے کس ملک کی فوج نے طرابلس پر حملہ کیا؟

الف۔ اٹلی　ب۔ برطانیہ　ج۔ فرانس　د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(iv) فاطمہ میدانِ جنگ میں زخمیوں کو کیا پلاتی تھی؟

الف۔ دودھ　ب۔ پانی　ج۔ دوائی　د۔ درج شدہ تمام

(v) دنیا کے سارے مسلمان آپس میں ________ ہیں۔

الف۔ بھائی بھائی　ب۔ دوست　ج۔ ایک　د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(vi) کیا میں دشمن کی ________ سے ڈرتی ہوں۔ (بحوالہ ڈراما -------- فاطمہ بنت عبداللہ)

الف۔ توپوں　ب۔ تلواروں　ج۔ برچھیوں　د۔ چھریوں

(vii) میں نے رات ایک ________ خواب دیکھا۔ (بحوالہ ڈراما -------- فاطمہ بنت عبداللہ)

الف۔ وحشت انگیز　ب۔ ڈراونا　ج۔ بھیانک　د۔ خوف ناک

(viii) دوستوں سے مشورہ کیا تو انھوں نے ________ جانے کی رائے دی۔ (بحوالہ سبق -------- صاحب بہادر)

الف۔ دہلی　ب۔ مدارس　ج۔ لاہور　د۔ کراچی

(ix) ہاتھ میں موٹی سی انگریزی ________ کی کتاب تھی۔ (بحوالہ سبق -------- صاحب بہادر)

الف۔ آداب مجلس　ب۔ افسانوں　ج۔ لٹریچر　د۔ شاعری

(x) الٰہی! میرے بچوں کی ________ تیرے ہاتھ ہے۔ (بحوالہ سبق -------- کرکٹ)

الف۔ عزت　ب۔ آبرو　ج۔ لاج　د۔ درج شدہ تمام

(xi) یہی وجہ ہے کہ پولو انسان کے لیے کھیل ہے اور گھوڑے کے لیے ________۔ (بحوالہ سبق -------- کرکٹ)

الف۔ کام　ب۔ مشقت　ج۔ بیگار　د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(xii) کسی کے ہاں گئے تو ________ لیتے گئے۔ (بحوالہ سبق -------- تحفے)

الف۔ لڈو　ب۔ کیک　ج۔ مٹھائی　د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(xiii) اسم صفت کی کتنی اقسام ہیں؟

الف۔ دو　ب۔ چار　ج۔ تین　د۔ پانچ

(xiv) اسم نکرہ کی کتنی اقسام ہیں؟

الف۔ چار　ب۔ پانچ　ج۔ چھ　د۔ سات

(xv) غریب کا متضاد کیا ہے؟

الف۔ قریب　ب۔ امیر　ج۔ فاتح　د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

برائے ممتحن: کُل نمبر: 15　حاصل کردہ نمبر: ____

StudentBounty.com

اُردو (لازمی) - ایس ایس سی -II

وقت: 2:40 گھنٹے (برائے اطفال محروم سماعت و گویائی) کُل نمبر حصہ دوم اور سوم 60

حصہ دوم (کُل نمبر 40)

سوال نمبر۲: مندرجہ ذیل میں سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے: (5x2=10)

(i) مسلم لیگ کب اور کہاں قائم ہوئی؟

(ii) کانگریس کب قائم ہوئی اور اس کا اصل مقصد کیا تھا؟

(iii) عورت کی احسان مندی پر علیم شرم کے مارے زمین میں کیوں گڑا جا رہا تھا؟

(iv) علیم نے اپنے روپے کیسے واپس لیے؟

(v) فاطمہ بنت عبداللہ کی والدہ نے خواب میں کیا دیکھا؟

(vi) ڈبیا میں مچھروں کے بے گور و کفن لاشے دیکھ کر کالم نگار نے کیا سوچا؟

(vii) تحفے کے بارے میں کیفی دہلوی کا مصرع لکھیں۔

(viii) ہمارے ہاں تحفے کو سیلز مین کس طرح لپیٹ کر گاہک کو دیتا ہے؟

سوال نمبر۳: مندرجہ ذیل کی تعریف کیجیے: (5x2=10)

(i) حرف جار (ii) اسم صفت (iii) کلمہ

(iv) اسم نکرہ (v) اسم موصوف

سوال نمبر۴: مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے دو سوالات کے جوابات تفصیلاً تحریر کیجیے: (2x5=10)

(i) فاطمہ کی والدہ کا آخری مکالمہ لکھیے۔ (ii) جتنا گڑ ڈالو گے اتنا میٹھا ہوگا۔ اس کی وضاحت کریں۔

(iii) صاحب بہادر نے ریل کے سفر کے دوران میں مصنف سے کیا کیا دریافت فرمایا؟

سوال نمبر۵: الف: مندرجہ ذیل جملوں کو منفی جملوں میں تبدیل کیجیے: (5)

(i) ہم کل سیر کو جائیں گے۔ (ii) آج تیز دھوپ ہے۔

(iii) آج کل ہم محنت کر رہے ہیں۔ (iv) میرا دوست بہت بہادر ہے۔

(v) میری امی اچھا کھانا بناتی ہیں۔

ب: مندرجہ ذیل جملوں کو سوالیہ جملوں میں تبدیل کیجیے: (5)

(i) صبح سے بارش ہو رہی ہے۔ (ii) آسمان نیلا ہے۔

(iii) سردی کا موسم شروع ہو چکا ہے۔ (iv) یہ پھول خوبصورت ہے۔

(v) مجھے بھوک لگی ہوئی ہے۔

حصہ سوم (کُل نمبر 20)

سوال نمبر۶: مندرجہ ذیل میں کسی ایک کا خلاصہ لکھیے: (i) محسنِ انسانیت (ii) ادائے فرض (10)

سوال نمبر۷: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے: (i) صبح کی سیر (ii) علامہ اقبالؒ (10)